بینک دولت پاکستان
شعبہ مبادلہ پالیسی
آئی آئی چندریگر روڈ، کراچی

ایف ای سرکلر نمبر 06 برائے 2020ء **17 نومبر 2020ء**

صدور / چیف ایگزیکٹوز

زرمبادلہ میں مجاز ڈیلروں کے

محترم / محترمہ

بینکوں کی بیرون ملک برانچوں اور کارسپانڈنٹس کے حق میں ضمانتیں

گزٹ نوٹیفکیشن نمبر ایس آر او 2020/(I)817 بتاریخ 8 ستمبر 2020ء کے ذریعے حکومت پاکستان کے اعلامیے کے مطابق نیاپاکستان سرٹیفکیٹس قواعد (این پی سی قواعد) 2020ء کے تحت جاری ہونے والے نیاپاکستان سرٹیفکیٹس رکھنے والے غیر مقیم افراد کو سہولت دینے کی غرض سے زرمبادلہ کے موجودہ کتابچے کے باب 19 کے پیرا 15 کا نمبر تبدیل کر کے اسے پیراگراف 15 کا ذیلی پیرا (i) کر دیا گیا ہے اور ذیلی پیرا (ii) میں درج ذیل نئی ہدایات کا اضافہ کیا گیا ہے:

"(ii) مندرجہ بالا ذیلی پیرا (i) میں شامل مندرجات سے قطع نظر مجاز ڈیلروں کو اجازت دی گئی ہے کہ وہ نیاپاکستان سرٹیفکیٹس، جو گزٹ نوٹیفکیشن نمبر ایس آر او 2020/(I)817 بتاریخ 8 ستمبر 2020ء کے ذریعے حکومت پاکستان کے اعلامیے کے مطابق نیاپاکستان سرٹیفکیٹس قواعد (این پی سی قواعد) 2020ء کے تحت جاری ہوئے، کو غیر مقیم (non-resident) این پی سی رکھنے والے کی مجاز ڈیلر کی بیرون ملک بینک برانچوں اور کرسپانڈنٹس کے حق میں خصوصی درخواست پر انہیں بطور ضمانت قبول کریں۔ مزید برآں، مجاز ڈیلروں کو یہ اجازت بھی دی گئی ہے کہ وہ این پی سی کو بطور ضمانت قبول کرنے پر غیر مقیم این پی ہولڈر کی خصوصی درخواست پر ان کی بیرون ملک بینک برانچوں اور کرسپانڈنٹس کے حق میں ضمانتی / ہنگامی لیٹر آف کریڈٹ جاری کریں۔"

2۔ تمام دیگر قوانین اور ضوابط پر عملدر آمد یقینی بنانے کی ذمہ داری مجاز ڈیلروں پر عائد ہو گی۔

آپ کا مخلص

(اطہر غفور)

ایڈیشنل ڈائریکٹر